آپس میں بھائی بھائی ہونے کی بجائے دشمن ہو رہے ہیں۔ یہود و نصاریٰ کے سامنے مسلمان حکمران اس قدر بے بس ہو چکے ہیں کہ جب وہ کسی ایک اسلامی ملک پر حملہ آور ہوتے ہیں تو دوسرے اسلامی ممالک احتجاج کا ایک حرف بھی زبان سے نکالنا تو دُور کی بات ہے' وہ اُن سے یہ تک نہیں پوچھ سکتے کہ اس ملک کے مسلمانوں نے کیا قصور کیا ہے' بلکہ الٹا ظالم حملہ آور کا ساتھ دیتے ہوئے اپنے مسلمان بھائیوں کے خلاف جنگی کارروائیوں کا حصہ بن رہے ہیں۔

اس کتاب میں یہود و نصاریٰ کی ان کارروائیوں کا خاص طور پر ذکر ہے جو وہ پاکستان کے مسلمانوں کو زیر کرنے' کمزور کرنے اور مذہب سے دُور کرنے کے لیے کر رہے ہیں۔ یہ کتاب ہر پاکستانی کے پڑھنے کے قابل ہے' تاکہ وہ جان لے کہ ہم کس حد تک یہود و ہنود کی سازشوں کا شکار ہیں' بلکہ اُن کی سازشوں کو خود کامیابی سے ہم کنار کر رہے ہیں۔ سازشوں کے اس جال سے نکلنے کا واحد حل یہ ہے کہ کُل روئے زمین کے مسلمان اکٹھے ہو جائیں' اسلام کے ساتھ اپنی وابستگی مضبوط کر لیں اور اللہ کے حکم کے مطابق یہود و نصاریٰ کو دوست نہ سمجھیں۔

## (۳)

نام کتاب : حقیقت

مصنف : حاجی محمد اشرف بٹ

ضخامت: 208 صفحات ۔ قیمت: الوقف للہ

ملنے کا پتہ : ☆ صدر جامع مسجد خیر الدین' 212-B-II' جوہر ٹاؤن لاہور

مصنفِ کتاب محمد اشرف بٹ درویش منش' سادگی پسند' کشادہ دست اور ہر دلعزیز شخصیت ہیں۔ نمود و نمائش سے کوسوں دُور ہیں۔ دینی اور اخلاقی کتب کا مطالعہ اُن کا ہمہ وقتی مشغلہ اور مسجد کی تعمیر و تنظیم اُن کی واحد مصروفیت ہے۔ وہ ان لوگوں میں سے ایک ہیں جو عملی طور پر دنیا کو آخرت کی کھیتی سمجھ کر اللہ کی راہ میں بھرپور انداز میں investment کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے اَضعافاً مُضاعَفَةً اجر کی امید رکھتے ہیں۔ نصح و خیر خواہی کا جذبہ اُن میں بدرجۂ اتم پایا جاتا ہے جس کا اظہار ان کی تحریروں سے واضح طور پر ہوتا ہے۔ ان کی خواہش ہے کہ ہر مسلمان نیک سیرت' فرض شناس' محنتی' حلال خور' عبادت گزار اور پرہیزگار بن جائے۔